رول نمبر: ____________

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

# اُردو (لازمی) (معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ — کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
6024

FSD-2-24

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کھاؤ ______ جتنی بھوک ہے۔ | اتنی | اتنا | اتنے | جتنے |
| 2 | اس کی آنکھ میں حیا ______ ۔ | نہ رہی | نہ رہا | نہ رہے | نہ رہیں |
| 3 | اس کتاب ______ دام ہیں۔ | کو | کی | کے | کیا |
| 4 | گھر عورت کی سلطنت ______ ہے۔ | ہوتی | ہوتا | ہوتے | ہوئے |
| 5 | لندن سے تار ______ ہے۔ | آیا | آئی | آؤ | آئیں |
| 6 | قافیہ کی بنیادی شرط ہے: | ہم آواز | ہم مرتبہ | ہم خیال | ہم ردیف |
| 7 | جس غزل میں ردیف ہو اسے کہتے ہیں: | مسلسل غزل | قطعہ بند غزل | مردف غزل | غیر مردف غزل |
| 8 | مقطع کی پہچان ہے: | پہلا شعر | دوسرا شعر | تیسرا شعر | تخلص اور آخری شعر |
| 9 | مطلع کے لغوی معنی ہیں: | غروب ہونے کی جگہ | طلوع ہونے کی جگہ | چلے جانا | رحلت فرمانا |
| 10 | "حُسنِ یوسف" ہے: | تلمیح | کنایہ | مقطع | مطلع |
| 11 | استعارہ میں لفظ استعمال ہوتا ہے: | مجازی معنوں میں | حقیقی معنوں میں | لغوی معنوں میں | اصطلاحی معنوں میں |
| 12 | استعارہ کا حصہ ہے: | حروف تشبیہ | وجہ جامع | مشبہ | مشبہ بہ |
| 13 | تشبیہ کے لئے لازم ہے: | مشترک آواز | مشترک الفاظ | مشترک بناوٹ | مشترک صفت |
| 14 | حرف تشبیہ استعمال ہوتا ہے: | تشبیہ میں | استعارہ میں | کنایہ میں | تلمیح میں |
| 15 | مشبہ اور مشبہ بہ کہلاتے ہیں: | غرض تشبیہ | طرفین تشبیہ | وجہ شبہ | حرف تشبیہ |
| 16 | "شکوہ" ، "جواب شکوہ" نظمیں ہیں: | اکبر الٰہ آبادی کی | نظیر اکبر آبادی کی | علامہ اقبال کی | جوش ملیح آبادی کی |
| 17 | سبق "چراغ کی لو" میں منشی کی تنخواہ ہے: | دس روپے | ایک ہزار روپے | دس ہزار روپے | ایک لاکھ روپے |
| 18 | سبق "سفارش" کا تعلق نثر کی صنف سے ہے: | داستان | ناول | افسانہ | ڈراما |
| 19 | نوجوان کے اوورکوٹ کا رنگ تھا: | خاکی | بادامی | سفید | سیاہ |
| 20 | تصریف منقسم ہے: | تین بڑے حصوں میں | چار بڑے حصوں میں | پانچ بڑے حصوں میں | چھ بڑے حصوں میں |

1102-XI124-60000

ParhloPakistan.com

رول نمبر:....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

# اُردو (لازمی) (انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

FSD-2-24

## (حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,08

تُو مقصدِ تخلیق ہے ، تُو حاصلِ ایماں — جو تجھ سے گریزاں ، وہ خدا سے ہے گریزاں
کردار کا یہ حال ، صداقت ہی صداقت — اخلاق کا یہ رنگ کہ قرآں ہی قرآں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 01,09

یہ آرزو تھی ، تجھے گُل کے رُوبہ رُو کرتے — ہم اور بلبلِ بے تاب ، گفتگو کرتے
پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا — زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے
مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ — کسی حبیب کی ، یہ بھی ہیں جستجو کرتے

## (حصہ دوئم)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) ایک نہایت عاجز و مسکین غریب آدمی جو اپنے ساتھیوں کو محنت اور پرہیز گاری اور بے لاگ ایمانداری کی نظیر دکھاتا ہے، اس شخص کا اس کے زمانہ میں اور آئندہ زمانے میں اس کے ملک، اس کی قوم کی بھلائی پر بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس کی زندگی کا طریقہ اور چال چلن گو معلوم نہیں ہوتا مگر اور شخصوں کی زندگی میں خفیہ خفیہ پھیل جاتا ہے اور آئندہ کی نسل کے لئے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔

(ب) رشک آتا ہے کہ دنیا میں ایسے بھی لوگ ہیں کہ کبھی قید مقام سے نہیں گزرتے۔ گوجرانوالہ تک گئے بھی تو دوسرے روز گھر لوٹ آئے۔ ہم سے پوچھیے جو مزا اور تھرل ململ کا کرتا پہن، قوام والا پان کلّے میں دبا، ٹانگ پر ٹانگ دھرے گھر میں "داستانِ امیر حمزہ" پڑھنے اور لمبی تان کر سونے میں ہے وہ جگہ جگہ مارے مارے پھرنے میں کہاں۔ قیام کی راحتیں اور برکتیں کہاں تک بیان کی جائیں۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) ابوالقاسم زہراوی (ii) دوستی کا پھل 01,09

5۔ نظیر اکبر آبادی کی نظم "تسلیم و رضا" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ دو دوستوں کے درمیان فنی تعلیم کی اہمیت و افادیت پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ ۔ یا ۔ کالج میں یوم آزادی کی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔ 10

7۔ پرنسپل کے نام کسی تاریخی مقام پر جانے کی اجازت کے لئے درخواست لکھیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے: 02,08

بچہ جب پہلے پہل سکول جاتا ہے تو گھر اور سکول کے ماحول میں فرق کو بہت شدت سے محسوس کرتا ہے۔ جو ضروریات گھر میں آسانی سے ہر وقت پوری ہو جاتی تھیں، سکول میں ان کے لئے خاطر خواہ انتظام نہیں ہوتا۔ گھر کے مانوس افراد کی نسبت یہاں اس کا واسطہ اساتذہ اور ساتھی طلبہ کی شکل میں اجنبی لوگوں سے پڑتا ہے۔ یہاں بچے کو اپنی صلاحیتوں اور دلچسپیوں کا شعور اور اندازہ نہیں ہوتا۔ ان حالات میں اگر سکول میں اس کو اساتذہ کی طرف سے رہنمائی میسر آجائے تو اس کی بہت سی مشکلات اور مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ بصورتِ دیگر تعلیمی کامیابی کے امکان کم اور محدود ہو جاتے ہیں۔

1102-XI124-60000

ParhloPakistan.com